نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ کی زیرِ صدارت لاہور میں گندم کی کاشت،معیاری زرعی مداخل کی فراہمی اور مشینی زراعت کے فروغ سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد۔

لاہور 17اکتوبر 2023: فوڈ سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لئے گندم کی کاشت اور پیداواری ہدف کا حصول ازحد ضروری ہے۔صوبہ پنجاب میں امسال 1 کروڑ 60لاکھ ایکڑ رقبہ گندم کے زیر کاشت لایا جا رہا ہے جس کیلئے کاشت سے برداشت تک زراعت توسیع کے افسران وعملہ کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک رہیں۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے لاہور میں گندم کی کاشت اور معیاری زرعی مداخل کی فراہمی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر جنرل زراعت فیلڈ انجنیئر احمد سہیل، ڈائریکٹر اڈاپٹو ریسرچ چوہدری مشتاق، ڈائریکٹر زراعت توسیع ہیڈکوارٹرز فاروق جاوید، ڈائریکٹر زراعت لاہور ڈویژن شیر محمد شراوت اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب رائے مدثر عباس سمیت دیگر افسران شریک ہوئے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز کو گندم کی کاشت کے دوران معیاری زرعی مداخل کی مارکیٹ میں فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت نے محکمہ کے زیرِ انتظام زرعی فارمز سے متعلق فارم منیجرز کو اپنی کارکردگی سے متعلق تفصیلاً بریفنگ دینے کی ہدایات بھی کیں تاکہ ان زرعی فارمز کی کارکردگی میں بہتری لائی جا سکے۔انھوں نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کیلئے پرنٹ، الیکٹرانک و ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے آگاہی فراہم کی جا رہی ہے تاکہ کاشتکار محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام کی کاشت کرکے گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کرکے "زیادہ گندم اگاؤ مہم" میں اپنا قومی کردار ادا کریں۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب نے دھان کی کٹائی اور سموگ کے کنٹرول کیلئے کبوٹا ہارویسٹر کو فروغ دینے کی بھی ہدایات کیں تاکہ کاشتکاروں کو دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے کی ضرورت نہ ہو اور اُن کی تلفی سے فضائی آلودگی کا مسئلہ پیدا نہ ہو سکے۔

☆☆☆☆